PAPER CODE - 7433

دہم کلاس 12022

ایجوکیشن — حصہ معروضی — وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1

1۔ انجینئرنگ کی تعلیم کا دورانیہ ہے۔ (A) 2 سال (B) 3 سال (C) 4 سال (D) 6 سال

2۔ نصاب کس کے حصول کا اہم ذریعہ ہے ؟ (A) جائزہ کا (B) امتحان کا (C) تعلیمی مقاصد کا (D) ہم نصابی سرگرمیوں کا

3۔ ٹیکسٹ بک بورڈ کا کام ہے۔ (A) نصاب سازی (B) جائزہ (C) منظوری (D) کتب کی تیاری

4۔ وقوفی جائزہ کا تعلق کس سے ہے ؟ (A) ہنر (B) معلومات (C) عادات (D) رویے

5۔ تاثراتی جائزہ کا تعلق کس سے ہے ؟ (A) ہنر (B) معلومات (C) عادات (D) رویے

6۔ مدرسہ طلبہ کے لیے کتنی طرح کی سرگرمیوں کا بندوبست کرتا ہے ؟ (A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

7۔ گھر کا کام ایک سرگرمی ہے۔ (A) نصابی (B) ہم نصابی (C) ادبی (D) تفریحی

8۔ سرگرمیاں کتنی قسم کی ہوتی ہیں۔ (A) 2 (B) 3 (C) 4 (D) 5

9۔ ماحول کی اقسام ہیں۔ (A) 2 (B) 3 (C) 4 (D) 5

10۔ رہنمائی کے معنی ہیں۔ (A) آگے آگے چلنا (B) راستہ دکھانا (C) نشاندہی کرنا (D) تلاش کرنا

11۔ بچہ بہتر معاشرتی تعلقات سیکھتا ہے۔ (A) گھر سے (B) محلہ سے (C) سکول سے (D) بازار سے

12۔ مشیر سے مراد وہ فرد ہے جو۔ (A) مشورہ لیتا ہے (B) مشورہ دیتا ہے (C) تجربہ کار شخص (D) مشکلات کا شکار ہوتا ہے

13۔ پاکستان کے پہلے وزیر تعلیم تھے۔ (A) جناب لیاقت علی خان (B) جناب فضل الرحمٰن (C) جناب عشرت حسین (D) جناب قائداعظم

14۔ پاکستان میں تعلیم کی اقسام ہیں۔ (A) دو (B) چار (C) چھ (D) آٹھ

15۔ پوسٹ گریجویشن کے لیے مزید کتنا عرصہ درکار ہوتا ہے۔ (A) 2 سال (B) 4 سال (C) 6 سال (D) 8 سال



ParhloPakistan.com

DGK

دہم کلاس 12022

ایجوکیشن

حصہ انشائیہ

وقت = 2 گھنٹے 10 منٹ

کل نمبر = 60

حصہ اول DGK-22

| | | | |
|---|---|---|---|
| سوال نمبر 2 | درج ذیل میں سے کوئی چھ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے 2x6 = 12 | | |
| i | تعلیم کی اقسام بیان کیجئے۔ | ii | زراعت کی تعلیم کی اہمیت بیان کیجئے۔ |
| iii | اعلیٰ تعلیم کی اہمیت بیان کیجئے۔ | iv | قانون کی تعلیم کی اہمیت بیان کیجئے۔ |
| v | ثانوی تعلیم سے کیا مراد ہے ؟ | vi | بزنس اور کامرس کی تعلیم کی اہمیت بیان کیجئے۔ |
| vii | میڈیکل کی تعلیم کی کیا اہمیت ہے ؟ | viii | پاکستان میں تعلیم کے دو تعلیمی مقاصد تحریر کیجئے۔ |
| ix | کوئی سے دو تعلیمی مدارج کے نام لکھیے۔ | | |
| سوال نمبر 3 | درج ذیل میں سے کوئی چھ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے 2x6 = 12 | | |
| i | تدریس کے تین طریقے لکھیے۔ | ii | ٹیکسٹ بک بورڈ کا بنیادی کام کیا ہے ؟ |
| iii | نصاب کی تعریف کیجئے۔ | iv | نصاب کے اجزاء کون سے ہیں ؟ |
| v | نصاب کی اہمیت کیا ہے ؟ | vi | مقاصد نصاب کیا ہیں ؟ |
| vii | جائزہ کیا ہے ؟ | viii | دو تدریسی طریقے لکھیے۔ |
| ix | قومی نصاب کمیٹی کا بنیادی کام کیا ہے ؟ | | |
| سوال نمبر 4 | درج ذیل میں سے کوئی چھ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے 2x6 = 12 | | |
| i | فارغ اوقات سے کیا مراد ہے ؟ | ii | ہم نصابی سرگرمیاں کیا ہیں ؟ |
| iii | کلب اور سوسائٹیاں کیوں قائم کی جاتی ہیں ؟ | iv | ماحول کی اقسام لکھیے۔ |
| v | بوائے سکاؤٹ کسے کہتے ہیں ؟ | vi | مشیر کسے کہتے ہیں ؟ |
| vii | رہنمائی کی تعریف کیجئے۔ | viii | ذاتی نفسیاتی مسائل کیا ہیں ؟ |
| ix | مشیر کون ہوتا ہے ؟ | | |

## حصہ دوم

نوٹ : اس حصہ سے کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کیجئے 8 x 3 = 24

| | |
|---|---|
| سوال نمبر 5۔ | عام تعلیم اور پیشہ ورانہ تعلیم میں فرق تفصیل کے ساتھ بیان کیجئے۔ |
| سوال نمبر 6۔ | تعلیم کے کوئی سے دو مدارج بیان کیجئے۔ |
| سوال نمبر 7۔ | نوٹ تحریر کیجئے : (A) تدریسی حکمت عملی (B) جائزہ |
| سوال نمبر 8۔ | مدرسہ میں ہم نصابی سرگرمیوں کی اہمیت بیان کیجئے۔ |
| سوال نمبر 9۔ | مدرسہ میں رہنمائی اور مشاورت کا کردار لکھیے۔ |



ParhloPakistan.com